پیغام

دورِ جدید تحقیق کا دور ہے۔انہی قوموں کا مستقبل روشن اور قابلِ رشک ہوگا جو تحقیق وجستجو کے میدانوں میں کارہائے نمایاں انجام دیں گی۔تاریخ شاہد ہے کہ مسلم تاریخ اس حوالے سے انتہائی قابلِ فخر ہے۔علم وتحقیق، تہذیب اور سائنس میں مسلمانوں کی خدمات تاریخ کا مستقل عنوان ہے جس کا اہلِ مغرب کو بھی اعتراف ہے بلکہ یورپ نے صدیوں تک اس سے استفادہ بھی کیا، آج اسی رجحان کو زندہ کرتے ہوئے اس سلسلے کے نئے ابواب رقم کرنے کی ضرورت ہے۔ہمارے تعلیمی اداروں، بالخصوص جامعات کے مختلف شعبوں کے لئے از حد ضروری ہے کہ تعلیم وتعلم کو خالص تحقیقی بنیادوں پر استوار کیا جائے ۔زیادہ سے زیادہ تحقیقی وتنقیدی مقالات اور مجلّات کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

امید ہے شعبہ علوم اسلامیہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا تحقیقی مجلّہ ''ضیائے تحقیق'' اس سلسلے کی اہم کڑی ثابت ہوگا۔

(وائس چانسلر)